© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجی ہیں۔ ہم اپنی ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے ( آمین ) ( واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں )۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں ایک تحفہ " حدائق الحنفیہ " کا ہے، یہ تذکرہ ہے ان علمائے ذی وقار کا جنہوں نے اپنی زندگیاں فروغ علم کے لئے وقف کیں اور آج کے سہل ایام کی طرح سہل پسندی سے کام نہیں لیا نہ علم کو کاروبار کا ذریعہ بنایا اور نہ نذرانے وصولنے کے لئے قبائے علم اوڑھی، بلکہ فقر وفاقہ، تنگدستی اور درویشی میں وقت گزارا مگر علم کو فقیرِ عرفی نہیں ہونے دیا بلکہ اس کی شان بلند رکھی۔اور اپنی حیات مستعار کو اپنی علوِ شان اور تعلّی کے لئے نہیں بلکہ کمال عاجزی وانتہائی انکساری کے ساتھ علم کی خدمت واعلاء کے لئے وقف کیا۔بعض علماء جنہیں وقت کے حکمرانوں کے ہاں پذیرائی حاصل ہوئی انہوں نے بھی تقوی کبھی ہاتھ سے نہیں جانے دیا اور کلمہ حق جابر سے جابر حاکم کے سامنے بھی بلند کرتے رہے۔

زیرنظر کتاب کے مرتب معروف بزرگ عالم دین علامہ فقیر محمد جہلمی ہیں، یہ کتاب متعدد بار متعدد ناشرین نے شائع کی ہے، ہمیں موصول ہونے والا تحفہ جناب خورشید احمد خاں کا شائع کردہ ہے جسے انوارالاسلام نامی ادارہ نے چشتیاں شریف سے اکتوبر ۲۰۱۵ء میں شائع کیا ہے۔چشتیاں شریف کی زیارت کا ہم نے کئی بار ارادہ کیا مگر وہاں کے بزرگوں نے تا حال توجہ نہیں فرمائی اور کشش نہیں ہوئی ورنہ ہم کب کے ہو آئے ہوتے۔حضرت علامہ محمد رضاء الحسن صاحب کو اللہ خوش رکھے انہوں نے دارالاسلام (لاہور) سے یہ کتاب ہمیں ارسال فرما کر ایک بار پھر چشتیاں شریف کی زیارت کا شوق بیدار کردیا ہے۔مولانا فقیر محمد جہلمی صدر الافاضل مفتی صدرالدین خاں صدرالصدور

☆الکتاب احسن الاصحاب تسامر الکتب وصاحب العلم تدافع المعرفۃ.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دہلی کے تلمیذ رشید ہیں جو حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے براہ راست شاگرد ہیں ۔اور مولف اظہارالحق و اعجاز عیسوی حضرت علامہ رحمت اللہ کیرانوی کے شاگرد رشید فقیہ بے بدل مولانا نوراحمد صاحب سے بھی انہیں شرف تلمذ حاصل رہا ۔(مولانا نوراحمد رحمۃ اللہ علیہ کا اسم گرامی اور ان کی جالالت علمی کے بارے میں پڑھ کر راقم کو بڑی ندامت ہوئی کہ تمہارے ہم نام تو اتنے بڑے عالم وفقیہ تھے اورتم رہے جاہل کے جاہل) رب کریم ان کے طفیل ہمیں بھی کسی خدمت کے قابل کردے اورنہیں تو علم کا عین ہی درست ہوجائے ۔

حدائق الحنفیہ کے تذکرہ نگارعلامہ فقیرمحمد جہلمی رحمۃ اللہ علیہ اخبار آ [illegible] ب اوراخبار سراج الاخبار کے مدیر رہے اورصحافت میں بھی نام کمایا۔رد قادیانیت کے حوالہ سے ان کا نام بہت معتبر ہے ۔انہوں نے متعدد کتب لکھیں ، زیرنظر کتاب کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں علماء وفقہاء کے حالات سن وفات کے لحاظ سے ترتیب دئے گئے ہیں اور کتاب کے ابواب کوحدیقہ کے نام سے موسوم کیا گیا ہے چنانچہ اس میں تیرہ ابواب (حدائق ) ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے : حدیقہ اول امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے لئے مختص ہے جس میں چار خیابان ہیں ۔

حدیقہ دوم میں ۴۱ علماء وفقہاء کے حالات ہیں ، حدیقہ سوم میں ۵۳ ، چہارم میں ۶۰ ، پنجم میں ۶۶ ، ششم میں ۹۷ ، ہفتم میں ۹۸ ، ہشتم میں ۱۰۳ ، نہم میں ۹۷ ، دہم میں ۹۱ ، یازدہم میں ۷۲ ، دوازدہم میں ۷۷ ، سیزدہم میں ۵۹ ، اس طرح کل ۹۱۴ علماء وفقہاء کے حالات کتاب میں شامل ہیں ۔گزشتہ سو سال میں اردو زبان میں لکھی جانے والی اس نوعیت کی یہ تاحال منفرد کتاب ہے ۔اس کتاب کا مطالعہ ہر طالب علم اورامام وخطیب وواعظ ومفتی کے لئے ضروری ہے ۔

پونے چھ سوصفحات پر مشتمل یہ کتاب لاہور کے بڑے مکتبوں کے علاوہ درج ذیل پتہ سے بھی طلب کی جاسکتی ہے : جناب خورشید احمد خاں ، انوارالاسلام ، دربار چوک پرانی چشتیاں شریف ضلع بہاول نگر...... (0303-4357576) ہدیہ پانچ سوروپے درج ہے مگر یہ ڈرانے کے لئے ہے ، شائقین علم ڈریں نہیں کتاب بارعایت بھی مل سکتی ہے ۔جس مکتبہ سے بھی خریدیں ڈسکاؤنٹ پر اصرار کریں مکتبوں والے ناشر سے کتاب پچاس اور ساٹھ فی صد رعایت پر خریدتے ہیں اور تینتیس سے چالیس فی صد تک رعایت دے سکتے ہیں ۔اگر کوئی بارعایت نہ دے تو خورشید خاں صاحب سے براہ راست طلب فرمائیں ۔

☆الکون بنیی علی النظام فعلیک بالترتیب فی ملبسک وبیتک ومکتبک وواجبک.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوسرا تحفہ جناب محمد عبدالغفور صاحب کا ہے جس کا عنوان ہے ......اسلام میں جہیز اور بارات کی حقیقت......کتاب میں درج ذیل امور کو فوکس کیا گیا ہے، اسلام اور جہیز، قرآن میں جہیز کا ذکر کیوں نہیں، کیا جہیز سنت نبوی ہے؟، بارات ایک ہندوانہ رسم، فتاوی ردِ جہیز و بارات بھی کتاب میں شامل ہیں جہیز اور بارات میں پائی جانے والی خرابیوں اوران کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی بے چینیوں اور افراط وتفریط کا ذکر کیا گیا ہے۔اور یہ حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرہ میں جہیز کے نام سے بچیوں کے والدین پر جو ظالمانہ رواج مسلط کیا گیا ہے اس سے چھٹکارے کی راہ نکلنی چاہئے، کتنی ہی بچیاں جہیز کا سامان نہ ہونے کے باعث نکاح کی برکتوں سے محروم ہیں اور کتنی کم جہیز لانے کی وجہ سے اپنے سسرالی رشتہ داروں کی طعنہ زنی کا شکار......

۱۵۶ صفحات پر مشتمل یہ کتاب جناب عبدالغفور صاحب بلا معاوضہ تقسیم کررہے ہیں۔
کتاب حاصل کرنے کا پتہ یہ ہے: پاک پبلی کیشنز پاک ٹائر کارپوریشن، ہال رم کلہ گفٹ ٹرسٹ بلڈنگ اندرون کچہریاں فیصل آباد فون (041-2630304-6)

**ایک اور تحفہ** ہمیں خانہ فرہنگ ایران سے جناب خطیب مہدی صاحب نے بھجوایا ہے اور یہ ہے ......اسوۂ رسولِ اکرم ﷺ......(یعنی رسول اکرم ﷺ کی ولادت اور بعثت پر رہبر معظم جناب آیت اللہ خامنہ ای کی تقاریر کا مجموعہ) کتاب (درس ہائے پیامبر اعظم) فارسی میں تھی اسے اردو میں منتقل کرانے کا کام ڈائیریکٹر جنرل خانہ فرہنگ اسلامی جمہوری ایران حیدرآباد و کراچی جناب خطیب مہدی صاحب نے کیا اور جناب سید کوثر عباس موسوی صاحب نے اسے اردو کے قالب میں ڈھالا، مترجم لکھتے ہیں کہ: رہبر معظم کی ان تمام تقاریر میں آپ کے مخاطبین کی اکثریت کا تعلق مملکتِ ایران کے اعلی عہدیداران، پارلمینٹ کے ممبران، فوجی وسول افسران، علماء ودانشوران، ادیبان وآرٹسٹاں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے ہے۔ ان کے علاوہ تہران میں متعین اسلامی ممالک کے سفراء شامل ہیں۔

کتاب میں درج خطبات کے مطالعہ سے زندگی میں انقلابی روح بیدار ہوتی ہے، ایک خطبہ کا ایک اقتباس پیش خدمت ہے:...... "ہم ایک ایسی تہذیب وثقافت کے مالک ہیں جس کی دنیا میں کوئی مثال نہیں ملتی اور ہم بے شار وسائل رکھتے ہیں لہذا ہم اپنے دفاع کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں

☆اخرج الی الفضاء وطالع الحدائق الغناء وتفرج فی خلق الباری وابداع الخالق۔☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



،اس کے باوجود ہم اپنا دفاع کرتے کیوں نہیں؟ آخر عملی میدان میں ہم سے کچھ ہو کیوں نہیں پاتا؟ ............امت اسلامی نامی اس عظیم اور تمام تر وسائل سے آراستہ لشکر کو ایسے ایسے گروہوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے کہ جن کا سارا ہم وغم ایک دوسرے کے خلاف لڑنا، ایک دوسرے سے خوف زدہ ہونا ایک دوسرے پر جارحیت کرنا اور ایک دوسرے کے چہرے کو نوچنا ہے......"

کتاب عمدہ ٹائیٹل اور بہترین کاغذ پر شائع ہوئی ہے۔ تین سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب اکتوبر ۲۰۱۵ میں طبع ہوئی ہے اور بلا معاوضہ درج ذیل پتہ سے طلب کی جاسکتی ہے:...... جناب مہدی خطیب، خانہ فرہنگ اسلامی جمہوری ایران لطیف آباد حیدر آباد، جناب مہدی خطیب، خانہ فرہنگ اسلامی جمہوری ایران کراچی......

**ایک اور خوبصورت تحفہ** جناب مفتی سید صابر حسین صاحب کی کتاب......عید میلاد النبی اور چند اصلاح طلب پہلو......کا ہے۔ کتاب میں جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے ان میں درج ذیل قابل غور ہیں، ضرورت سے زیادہ اخراجات، دین کے دیگر شعبوں کی جانب عدم التفات، حقوق العباد کی خلاف ورزی، قیام وسلام میں بے اعتدالی، رات کی محافل اور نمازِ فجر، محفل میلاد پر اکتفا اور فرائض وواجبات سے پہلو تہی، محفل میلاد دینی معلومات کا ذریعہ ہے یا نعت خوانی؟، میلاد شریف اور غیر مستند وموضوع روایات، بغیر اجازت بجلی کا استعمال، خانہ کعبہ اور مسجد نبوی کی شبیہ میں غلو، شارع عام کے جلسے اور راستے کے حقوق میں کوتاہی، تصاویر والے پوسٹر بینرز سائن بورڈز اور بے حرمتی......

یہ وہ حساس موضوعات ہیں جن پر آج ہمارے اکثر مقررین خاموش ہیں، اور عوام تو ہیں ہی کالانعام انہیں جس طرف کوئی ہانک کر لے جائے......اس کتاب کو عام کرنا چاہئے، دیگر مسالک کے لوگ بھی اسے پڑھیں اور دیکھیں کہ سنی علماء کا موقف کیا ہے اور عوام کا عمل کیا......اور یہ کہ سنی علماء کو عوام کا قبلہ درست کرنے کی کس قدر فکر ہے۔ کاش یہ فکر مجموعی ہو، انفرادی نہ ہو اور عوام کو صحیح رہنمائی فراہم کی جائے...... کتاب ۱۲۶ صفحات پر مشتمل ہے اور المنیب شریعہ اکیڈمی، وانجمن محبان قرآن وسنت نے اسے شائع کیا ہے۔ ملنے کا پتہ سلام بک شاپ اردو بازار مقابل دلپسند سوئیٹس کراچی کے علاوہ ہر بڑے مکتبہ پر دستیاب ہے......مؤلف سے براہ راست رابطہ فون اور ای میل سے ہوسکتا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے۔فون نمبر 0321-2880864 ای میل: ssabirhussain30@gmail.com

**ایک اور خوبصورت تحفہ** اس بار موصول ہوا ہے جو......ابرارِ جامی......کا ہے۔جناب محمد یسین چغتائی صاحب نے ابرارِ جامی مرتب کی ہے جس میں تمام بلاد اسلامیہ میں اپنے عہد کی شہرہ آفاق نامور علمی اور روحانی شخصیت جناب شمس العارفین سراج السالکین، امام الواصلین، حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی کے علمی ادبی اور روحانی پہلوؤں کا اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔

جناب محمد یسین چغتائی صاحب سے اگرچہ ہماری شناسائی نہیں تاہم ان کا اپنی کتاب پر انتساب کے آخر میں یہ لکھنا......بندہ ناچیز......یہ بتاتا ہے کہ ہیں ہمارے ہی ہم خیال...... ہمارے والد گرامی ہر تحریر کے آخر میں تحریر فرمایا کرتے تھے فقط لاشئی عبدالرحمٰن......ورنہ آج کل کوئی خود کو لاشئی اور ناچیز کہاں لکھتا یا کہتا ہے، اِدھر تو بیس بیس سال کے سب لونڈے لپاڑے پگڑ باندھ مفتی و شیخ الحدیث و التفسیر والفقہ والمنطق والمیراث والفلسفہ والقرآن اور نہ جانے کیسے کیسے ول ول ولا ول کا شکار ہیں کہ ان کے ول ختم ہونے میں نہیں آتے چاہے ول کسی چیز کا آئے یہ نہ آئے......اللہ ان کو ول کرے اور ولولہ ءعجز ونیاز عطا فرما کر اپنا ولی بنائے۔

جناب یسین چغتائی صاحب نے کتاب بڑے سلیقے سے چھاپی ہے، آداب کا پورا پورا لحاظ کرتے ہوئے ابتداء میں تصاویر اور ہر تصویر کے ساتھ جامی کے اشعار کے کیپشن......سبحان اللہ......اب یہ طور طریقے کہاں؟ آپ نے تو اسلاف کی یاد تازہ کردی......پیر غلام نصیر الدین نصیر ہوتے تو آپ کے واری واری جاتے......اور خسرو کی زبان میں کہتے جاتے

؎ میں تورے واری تورے بلھاری..........

کتاب مختصر ہونے کے باوجود بہت کچھ سامانِ عشق و مستی اپنے اندر لئے ہوئے ہے، ہمیں تو ایک ہی واقعے نے مست کردیا ہے۔لکھتے ہیں: دربار نبوی میں حاضری کے بعد وطن واپسی سے قبل مولانا جامی نے (واپسی کی اجازت چاہتے ہوئے) حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی۔

سیدی مرشدی مولائی بسفر می روم چہ فرمائی؟

روضئہ مبارکہ سے جواب آیا ..............

☆اقرا التاریخ وتفکر فی عجائبہ وتعبر غرائبہ واستمتع بقصصہ واخبارہ۔☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بسفر رفتنت مبارک باد بسلامت روی و باز آئی

کیوں نہ جواب آتا جب حاضری کی تڑپ اس درجہ کی تھی کہ:...... تنم فرسودہ جاں پارہ زہجراں یارسول اللہ...............

چغتائی صاحب نے ۸۹۸ ہجری میں وصال فرمانے والے مولانا جامی کی بارگاہ میں نذرِ عقیدت کا خوب اہتمام کیا ہے کاش وہ رومی کے لئے بھی ایسا ہی کریں...........

۵۶ صفحات میں کوزے کو دریا میں بند کرنے کی سعی لاحاصل نہیں رہی، مطالعہ کرنے والوں کو توجہ دلائی ہے......ہم نے بچپن میں دربار عالیہ گولڑہ شریف کی مجالس میں جامی کا کلام اور جامی کے اشعار سے مزین اپنے والد گرامی کے خطابات سنے ہیں اور دل جامی کی زیارت کا مشتاق ہے.....شاید رب کریم اسی طرح کوئی سبیل پیدا فرمادے جس طرح رومی کے دربار میں حاضری کی ہوئی......جناب یسین چغتائی صاحب کو ہم اس کاوش پر ہدیہء تبریک پیش کرتے ہیں۔

کتاب کا ہدیہ درج نہیں ممکن ہے ہدیتہً ہی اہل ذوق کو پیش کی جارہی ہو، تاہم ملنے کا پتہ یہ ہے:

گلی نمبر۳ محلّہ فتح آباد شرقی جھال خانوآنہ فیصل آباد (041-8549141)

**دیگر تحائف میں** سابق سینیٹر و معروف مجاہد پارلیمنٹیرین مولانا سمیع الرحمٰن صاحب کی دس جلدوں پر مشتمل خطباتِ مشاہیر کا گرینڈ تحفہ، اور انہی کی کتاب War of Ideology (struggle for peace) کا ان کے گرامی نامہ کے ساتھ موصول ہوا ہے، علاوہ ازیں قومی مرکز برائے مطالعہ سیرت ولائبریری کی شائع کردہ ضخیم کتاب ......دور جدید میں سیرت نگاری کے رجحانات......جناب ڈاکٹر ضیاء الحق صاحب ڈائیریکٹر آئی آر آئی نے عنایت فرمائی ہے......پروفیسر محمد حسین آسی صاحب کے ارشاد پر علامہ محمد عطاء الحق نقشبندی حسینی صاحب کے زیر سرپرستی جناب سید صابر حسین شاہ صاحب بخاری کی مولفہ......(تحفظ ختم نبوت نمبر......ماہنامہ الحقیقہ پاکستان جو قریباً ہزار صفحات پر مشتمل ہے) موصول ہوچکی ہے۔اسی طرح مجلّہ حکمتِ بالغہ کا خصوصی نمبر (حکمت اقبال ہی نظریہ پاکستان ہے) قرآن اکیڈمی جھنگ سے انجینئر مختار فاروقی صاحب نے بھجوایا ہے جو اڑھائی سو صفحات پر مشتمل ہے۔ جبکہ ملی مجلس شرعی لاہور کی جانب سے درج ذیل تحائف موصول ہوئے ہیں۔

☆ شاتم رسول کے ماورائے عدالت قتل پر تمام مکاتب فکر کے ممتاز علماء کرام کا متفقہ شرعی فتوی،

☆ جدد حیاتک ونوع اسالیب معیشتک وغیر من الروتین الذی تعیشه. ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ انسداد سود کے حوالہ سے وفاقی شرعی عدالت کی طرف سے اٹھائے گئے ۱۴ سوالات کے مفصل جوابات

☆ فحاشی کی جامع تعریف اور اس کے انسداد کی عملی تجاویز

☆ نفاذِ شریعت کے حوالہ سے تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام کے متفقہ پندرہ نکات

☆ شاتم رسول کو مارنے والے کی سزا کا شرعی حکم

اور مفتی محمد رفیق الحسنی صاحب کی کتاب رفیق الصلوۃ کی رفاقت بھی ہمیں حاصل ہو چکی ہے ان تمام کتب کا تعارف انشاء اللہ آئندہ کسی اشاعت میں پیش کیا جائے گا کہ سرِ دست ان کا مطالعہ نہیں کیا جا سکا......اور بغیر مطالعہ کسی کتاب کے بارے میں کچھ لکھنا مناسب نہیں ......

ہماری سعادت مندی ہے کہ منجملہ دیگر تحائف کے اس بار ایک نیا رسالہ بھی تشریف لایا ہے اور یہ ہے دوماہی السعادۃ، جو مولانا خلیل احمد مخلص کے زیر سرپرستی السعید اکیڈمی صوابی سے شائع ہوتا اور مخلصین علم کو مخلصانہ پیش کیا جاتا ہے ......اس کے عنوانات کی تلخیص یا خلاصہ بھی آئندہ پیش کیا جائے گا۔ جناب کی اس پرخلوص عنایت پر ادارہ ممنون ہے۔

## غلطیوں کی اصلاح

قارئین کرام مجلّہ فقہ اسلامی کی مجلس ادارت کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ اس میں شائع ہونے والے مضامین کی پروف ریڈنگ احتیاط سے کی جائے۔ مگر اس کے باوجود بعض مطبعی اغلاط رہ جاتی ہیں۔ لہٰذا دوران مطالعہ جہاں غلطی محسوس فرمائیں اسے اپنے ہاتھ میں موجودہ نسخہ مجلّہ میں فوراً درست فرمالیں تاکہ اگر کوئی اور اس کا مطالعہ کرے تو اس پر یہ گراں نہ گزرے۔ اور ماہ بماہ اگر ہمیں بھی تحریری طور پر اغلاط سے مطلع فرماتے رہیں تو ہم دیگر قارئین کو مطلع کر کے اصلاح کی کوشش کریں گے۔ (مجلس ادارت)

☆ الفجر المنبہات والمسکرات کلاهما [illegible] والقہوۃ واصناف التدخین والسیستہ وغیرها۔ ☆

© rasailojaraid.com